۷۸۶/۹۲

نقش تحفۂ روحانی وحل المشکلات

مَعَ اسْمِ اللهِ الْمَلِكِ السَّلَمِ

ص م ح م د صلی اللہ علیہ وسلم

ص ح م د م صلی اللہ علیہ وسلم

ص م د م ح صلی اللہ علیہ وسلم

ص د م ح م صلی اللہ علیہ وسلم

اس نقش کو دیکھنے والے کی ہر مشکل حل ہوگی انشاء اللہ

درود چہل میم

صَلٰوۃُ الْمِیْمِ الْاَرْبَعِیْنَ درود چہل میم ۳۲

بموقع شَوَّال ۱۴۳۹ھ

بفیض روحانی سیدنا محی الدین وسیدنا معین الدین وحضرات مخدومین سادات چودہوں پیراں رضی اللہ عنہم

بِسْمِ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ مَوْلَائِیْ هُوَاللهُ مَعْبُوْدٌ وَّ

مَقْصُوْدٌ وَّمَوْجُوْدٌ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللهِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا عَلٰى سَيِّدِنَا اَحْمَدَ وَحَامِدٍ

وَّ مَحْمُوْدٍ وَّ سَیِّدِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُسْلِمِیْنَ

وَالْمُحْسِنِیْنَ وَالْمُبَشِّرِیْنَ وَالْمُنْذِرِیْنَ وَالْمُتَدَبِّرِیْنَ

وَالْمُخْلِصِیْنَ وَالْمُکَرَّمِیْنَ وَالْمَعْرُوْفِیْنَ

وَالْمُعَاهِدِیْنَ وَالْمُصْلِحِیْنَ وَالْمَشْهُوْدِیْنَ

وَالْمُجِیْبِیْنَ وَالْمُبَارِکِیْنَ وَالْمُعَلِّمِیْنَ وَالْمُظَفَّرِیْنَ

وَهُوَ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللهِ وَعَلٰى وَالِدَیْهِ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ

وَاَوْلِیَاءِ اُمَّتِهٖ وَکُلِّ اُمَمِهٖ کُلَّ الْحَالِ ○

ترجمہ: اللہ کے نام سے شروع اور تمام تعریف اللہ ہی کے لئے ہے، میرا مولیٰ وہ اللہ ہے جو معبود ہے مقصود ہے اور موجود ہے اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں اے ہمارے اللہ تو خوب خوب دائمی درود وسلام نازل فرما ہمارے سردار بہت زیادہ تعریف کرنے والے پر اور خوب خوب تعریف کرنے والے پر اور خوب تعریف کئے ہوئے پر تمام ایمان والوں کے سردار پر اور تمام مسلمانوں، احسان کرنے والوں، خوشخبری سنانے والوں، ڈر سنانے والوں کے سردار پر، غور وفکر کرنے والوں، خلوص والوں، مکرم لوگوں، اور صاحب عرفان لوگوں کے سردار پر، عہد کرنے والوں، اصلاح کرنے والوں، مقام شہود والوں، جواب دینے والوں اور بابرکت لوگوں کے سردار پر، تعلیم دینے والوں اور کامیاب لوگوں کے سردار پر اور وہ محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں (اور خوب درود وسلام اور برکت نازل ہو) آپ ﷺ کے والدین پر، آپ ﷺ کی آل پر اور اصحاب پر آپ ﷺ کی امت کے اولیاء پر، اور آپ ﷺ کی ساری امت پر ہر دم۔

فضیلت

یہ درود چالیس میم پر مشتمل ہے جس کے بے شمار فضائل ہیں، جو شخص اس درود کو صبح وشام ۱۱/۱۱/ بار پڑھنے کا معمول بنائے گا تو اسے نبی کریم ﷺ کی زیارت حاصل ہوگی اسے صبر وشکر کے ساتھ زندگی گزارنے کی توفیق ملے گی وہ دہر وقبر وحشر میں ہر بلا وآفت اور ہر وحشت وتکلیف سے محفوظ رہے گا اور اس کی جملہ مشکلات حل ہونگی۔

ان شاء اللہ تعالیٰ۔

صلوۃ العتقا (آزادی کی نماز): سیدی حضور غوث الاعظم رضی اللہ عنہ غنیۃ الطالبین میں فرماتے ہیں کہ ہم سے ابو نصر نے بیان کیا وہ اپنے والد سے نقل کرتے ہیں اور وہ اپنی سند کے ساتھ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا جو شخص شوال کے کسی دن یا رات میں آٹھ رکعتیں یوں پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ۱۵/ بار سورۂ اخلاص پڑھے نماز سے فارغ ہونے کے بعد ۷۰/ بار سبحان اللہ پڑھے اور ۷۰/ بار درود شریف پڑھے اس ذات کی قسم جس نے مجھے سچا نبی بنا کر بھیجا ہے جو شخص بھی یہ نماز پڑھے گا اللہ تعالیٰ

اس کے دل میں علم وحکمت کے سرچشمے جاری کردیگا اس کی زبان پر بھی یہی چیز جاری ہوگی، اسے دنیا بھر کی بیماریوں اور ان کے علاج کا علم عطا فرمائے گا اس ذات کی قسم جس نے مجھے برحق نبی بنا کر بھیجا ہے جو آدمی اس بیان کئے ہوئے طریقے کے مطابق یہ نماز پڑھے گا آخری سجدے سے سر اٹھانے سے پہلے اللہ تعالیٰ اسے بخش دیگا اگر فوت ہوجائے تو شہید بخشا ہوا فوت ہوگا، جو شخص سفر میں یہ نماز پڑھے اللہ تعالیٰ اس پر سفر میں چلنا اور منزل تک پہنچنا آسان کردیتا ہے اگر قرضدار ہو تو اللہ تعالیٰ قرض سے نجات دیگا اگر حاجت مند ہو تو اللہ تعالیٰ اس کی حاجت پوری فرمائے گا، اس ذات کی قسم جس نے مجھے سچا نبی بنا کر بھیجا ہے جو آدمی یہ نماز پڑھے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اسے ہر حرف اور ہر آیت کے بدلے جنت میں ایک ''مخرفہ'' عطا فرمائے گا عرض کیا گیا یا رسول اللہ ﷺ مخرفہ کیا ہے آپ ﷺ نے فرمایا جنت میں باغات ہیں اس کے ایک درخت کے نیچے سوار سو سال تک چلے گا لیکن ختم نہ ہوگا، اللہ تعالیٰ ہمیں اس نماز کو ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور اس کے فیوض وبرکات سے مالا مال فرمائے۔ آمین۔ (غنیۃ الطالبین صفحہ ۶۸۶)

آستانہ حضرات مخدومین سادات چودہوں پیراں (علیہم الرحمۃ والرضوان) الہ آباد

www.syed14peer.com